اخبار الجامعہ

اخباری بیانات

ملک دشمن حکومت کے خاتمہ کے لئے مذہبی رہنما نواز شریف کا ساتھ دیں

[illegible]

جمعیت اہلحدیث کا بچہ بچہ نسوانی حکومت کے خاتمہ کے لئے کوشاں رہے گا' عمران صادق

[illegible]

جہلم (اسٹرنگر رپورٹر) وسیع تر قومی مفاد کی خاطر دینی جماعتوں کے رہنماؤں کو مذہبی، مسلکی اور گروہی مفادات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے بے نظیر حکومت کی ملک دشمن پالیسیوں کے خلاف محب وطن اور ملکی معیشت و اقتصادی ترقی کے علمبردار لیڈر میاں محمد نواز شریف کی تحریک نجات کا غیر مشروط تعاون کا فی الفور اعلان کر دینا چاہئے وگرنہ بے نظیر کے دور حکومت میں پاکستان کو پہنچنے والے نقصان کی زیادہ تر ذمہ داری علماء کرام پر عائد ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار رئیس جامعہ اور نائب امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان علامہ محمد مدنی نے اہلحدیث یوتھ فورس ضلع .... کے چوتھے ماہانہ اصلاحی و ترقی اجلاس سے صدارتی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ بے نظیر کے باپ ذوالفقار علی بھٹو نے اقتدار کی خاطر ملک عزیز کے دو ٹکڑے کر دیئے تھے اور یہ باقی ماندہ وطن عزیز کے چار ٹکڑے کرنا چاہتی ہے۔ سندھ میں صوبائی اور لسانی تعصبات کو ہوا دے کر اپنے غیر ملکی آقاؤں کو وہ خوش کر رہی ہیں' جو کراچی کو ہانگ کانگ طرز کا فری سٹیم زون بنا کر پاکستان کو سرے سے ختم کرنا چاہتے ہیں مگر اب یہ ان کے ہاتھ سے نکل کر عوام کے ہاتھوں میں آ گئی ہے۔ 11 اکتوبر کی پہیہ جام ہڑتال کر کے اب عوام اس گرتی ہوئی دیوار کو آخری دھکا دیں گے اور عوامی غیظ و غضب کا سیلاب تمام ملک دشمن قوتوں کو خس و خاشاک کی طرح بہا کر لے جائیگا۔ اہلحدیث یوتھ فورس کے مرکزی سیکرٹری جنرل عمران صادق نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تحریک نجات کی کامیابی تک اہلحدیث کا بچہ بچہ نسوانی حکومت کو ختم کرنے کیلئے سرگرم عمل رہے گا اور اس راہ کی مشکلات کو خندہ پیشانی سے برداشت کرے گا۔ اہلحدیث یوتھ فورس کے سرپرست اور مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر فاضل مدینہ یونیورسٹی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ راہ حق میں بڑے بڑے فقہاء اور محدثین نے جیلوں کو آباد کیا۔ انہوں نے کہا کہ جیلیں' ہتھکڑیاں اور بیڑیاں ہمیں راہ حق پر چلنے اور کلمہ حق بلند کرنے سے نہیں روک سکتیں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ عورت کی حکمرانی کے خاتمے تک اہلحدیث یوتھ فورس کے نوجوان چین کی نیند نہیں سوئیں گے۔

روزنامہ خبریں (8) 8 اکتوبر 1994ء

عورت کی حکمرانی کے خاتمے تک چین کی نیند نہیں سوئیں گے

[illegible]

جہلم (نمائندہ جنگ) دینی جماعتوں کے رہنماؤں کو مذہبی، مسلکی اور گروہی مفادات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے بینظیر کی ملک دشمن پالیسیوں کے خلاف تحریک نجات میں غیر مشروط تعاون کا فی الفور اعلان کر دینا چاہئے وگرنہ بینظیر کے دور حکومت میں پاکستان کو پہنچنے والے نقصان کی زیادہ تر ذمہ داری علماء کرام پر عائد ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار نائب امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان علامہ محمد مدنی نے جامعہ علوم اثریہ کے زیر اہتمام منعقدہ اہلحدیث یوتھ فورس ضلع جہلم کے چوتھے ماہانہ اصلاحی و ترقی اجلاس سے صدارتی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو نے اقتدار کی خاطر ملک عزیز کے دو ٹکڑے کر دیئے تھے اور بینظیر باقی ماندہ وطن عزیز کے چار ٹکڑے کرنا چاہتی ہیں۔ بینظیر نے ہوس اقتدار میں وطن عزیز کو امریکہ کے ہاتھوں گروی رکھ دیا ہے۔ مگر اب یہ ان کے ہاتھ سے نکل کر عوام کے ہاتھوں میں آ گئی ہے۔ 11 اکتوبر کو پہیہ جام ہڑتال کر کے اب عوام اس گرتی ہوئی دیوار کو آخری دھکا دیں گے اور عوامی غیظ و غضب کا سیلاب تمام ملک دشمن قوتوں کو خس و خاشاک کی طرح بہا لے جائیگا لہذا علماء کرام کو اب بھی ہوش کے ناخن لیتے ہوئے نسوانی حکومت کی بے جا حمایت سے دستبردار ہو جانا چاہئے ورنہ علماء عوام کے اعتماد سے یکسر محروم ہو جائیں گے۔ اہلحدیث یوتھ فورس کے مرکزی سیکرٹری جنرل عمران صادق نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تحریک نجات کی کامیابی تک اہلحدیث کا بچہ بچہ حکومت کے خاتمہ کیلئے سرگرم عمل رہے گا اور اس راہ کی مشکلات کو خندہ پیشانی سے برداشت کریگا۔ اہلحدیث یوتھ فورس کے سرپرست حافظ عبدالحمید عامر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جیلیں، ہتھکڑیاں اور بیڑیاں ہمیں راہ حق پر چلنے اور کلمہ حق بلند کرنے سے نہیں روک سکتیں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ عورت کی حکمرانی کے خاتمہ تک اہلحدیث یوتھ فورس کے نوجوان چین کی نیند نہیں سوئیں گے۔ اجلاس سے چیف آرگنائزر اہلحدیث یوتھ فورس مولانا محمد شمشاد سلفی خطیب مارکیٹ منڈی، صدر انجمن اہلحدیث جہلم سید یونس علی شاہ بخاری ایڈووکیٹ لیگل ایڈوائزر برائے اہلحدیث ایڈووکیٹ اور دیگر عہدیداروں نے خطاب کیا۔ اجلاس میں ضلع بھر کے تمام یونٹوں

THE DAILY JANG Rawalpindi

[illegible]

جہلم (نمائندہ جنگ) اہلحدیث یوتھ فورس ضلع جہلم کا چوتھا ماہانہ ترقی و اصلاحی اجلاس زیر صدارت علامہ محمد مدنی آج ساڑھے تین بجے سہ پہر جامعہ علوم جہلم میں منعقد ہو رہا ہے جس میں چیف آرگنائزر اہلحدیث یوتھ فورس مولانا رانا محمد شمشاد سلفی خطاب کریں گے۔

پہیہ جام ہڑتال سے پہلے ہی ظالم حکومت کا پہیہ جام ہو جائیگا ○ عبدالحمید عامر

11 اکتوبر کو حکومت کی گرتی ہوئی دیوار کو آخری دھکا دے دیا جائیگا

جہلم (نمائندہ جنگ) پہیہ جام ہڑتال سے پہلے ہی اس ظالم حکومت کا پہیہ جام ہو جائے گا۔ ہڑتالوں کے طوفان میں گھری ہوئی حکومت کی ڈوبتی ہوئی کشتی سے بروقت چھلانگیں لگانے والے ہی تباہی و بربادی سے بچ سکیں گے۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت اہلحدیث کے رہنما حافظ عبدالحمید عامر نے اپنی رہائی کے بعد ایک اخباری بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت اہلحدیث اور اہلحدیث یوتھ فورس 11 اکتوبر کی پہیہ جام ہڑتال کی مکمل کامیابی کے لئے پروگرام کو آخری شکل دے رہی ہے۔ انشاء اللہ 11 اکتوبر کو حکومت کی گرتی ہوئی دیوار کو آخری دھکا دے کر اعلیٰ اسلامی و انسانی اقدار کو پاکستان میں ہمیشہ کے لئے سرخرو کر دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس نسوانی حکومت کے دور میں کشمیر کے مسئلہ اور ایٹمی پروگرام پر سودے بازی کی کوشش کی گئی مگر میاں محمد نواز شریف نے نیلا بٹ کے مقام پر اپنی طاقت کا اعلان کر کے ملک دشمن حکومت کے عزائم خاک میں ملا دیئے ہیں۔

THE DAILY JANG LAHORE ★★

جمعۃ المبارک کیم جمادی الاول 1415ھ 17 اکتوبر 1994

ہفتہ ۔۔ جمادی الاول ۔۔ 1415ھ 8 اکتوبر 1994ء

لاٹھیاں برسانے والی حکومت جلد رخصت ہو جائے گی

ڈالروں کی جھنکار سے غیرت مند پاکستانیوں کو بہلایا نہیں جا سکتا

مسلم لیگ (ن) اور حلیف جماعتیں حکومت کے خلاف تحریک جاری رکھیں گی۔ علامہ محمد مدنی

جہلم (نامہ نگار) غریبوں کے ساتھ ہمدردی کی دعویدار حکومت غریب عوام پر لاٹھیاں برسا کر انہیں خاموش کرانا چاہتی ہے تو یہ اس کی خام خیالی ہے اب اسے بستر گول کرنا ہی پڑے گا۔ ان خیالات کا اظہار مرکزی جمعیت اہلحدیث کے نائب امیر اور رئیس جامعہ علوم اثریہ جہلم علامہ محمد مدنی مرکزی جامع مسجد اہلحدیث چوک اہلحدیث جہلم میں خطبہ جمعہ کے ایک بڑے اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ایٹمی پروگرام کو رول بیک اور کشمیر پر سودے بازی کرنے والی حکومت کی ڈوبتی کشتی کو بچانے امریکہ سرگرم عمل ہو گیا ہے اور ڈالروں کی جھنکار سے پاکستان کے غریب مگر غیرت مند عوام کو بہلایا نہیں جا سکتا۔ انہوں نے کہا مرکزی جمعیت اہلحدیث مسلم لیگ اور اس کی حلیف جماعتوں سے مل کر ملک و ملت کی دشمن حکومت کے خلاف اس کے خاتمہ تک تحریک جاری رکھے گی۔ انہوں نے جمعیت اہلحدیث اور اہلحدیث یوتھ فورس جہلم کے سرگرم کارکنوں کی ہمت و حوصلہ کی تعریف کی جنہوں نے ترین مارچ ۲۰ ستمبر کی ہڑتال اور جلوس اور ۲۹ ستمبر کے جلسہ و

DAILY NAWA-I-WAQT RAWALPINDI

حکومت کی ڈوبتی کشتی کو بچانے کے لئے امریکہ سرگرم عمل ہو گیا ہے' علامہ محمد مدنی

جہلم (نامہ نگار) غریبوں کے ساتھ ہمدردی کی دعویدار حکومت غریب عوام پر لاٹھیاں برسا کر انہیں خاموش کرانا چاہتی ہے تو یہ اس کی خام خیالی ہے اب اسے بستر گول کرنا پڑے گا۔ ان خیالات کا اظہار مرکزی جمعیت اہلحدیث کے نائب امیر اور رئیس جامعہ علوم اثریہ جہلم علامہ محمد مدنی مرکزی جامع مسجد اہلحدیث 'اہلحدیث چوک' جہلم میں خطبہ جمعہ کے ایک بڑے اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ایٹمی پروگرام کو رول بیک اور کشمیر پر سودے بازی کرنے والی حکومت کی ڈوبتی کشتی کو بچانے امریکہ سرگرم عمل ہو گیا ہے۔ اور ڈالروں کی جھنکار سے پاکستان کے غریب مگر غیرت مند عوام کو بہلایا نہیں جا سکتا۔ انہوں نے کہا مرکزی جمعیت اہلحدیث مسلم لیگ اور اس کی حلیف جماعتوں سے مل کر ملک و ملت کی دشمن حکومت کے خلاف اس کے خاتمہ تک تحریک جاری رکھے گی۔

DAILY KHABRAIN

26 ربیع الثانی 1415ھ 3 اکتوبر 1994

گرفتاری اور رہائی

جہلم (نامہ نگار) ۲۰ ستمبر کی ہڑتال والے دن جلوس نکالنے کے الزام میں جمعیت اہلحدیث کے ممتاز رہنما اور مدیر جامعہ علوم اثریہ جہلم حافظ عبدالحمید عامر فاضل مدینہ یونیورسٹی اور نگران اہلحدیث یوتھ فورس یونٹ جامع سلطان اور زاہد افضل رکن اہلحدیث یوتھ فورس جہلم کو دیگر مسلم لیگی کارکنوں کے ہمراہ گرفتار کر لیا گیا تھا۔ گذشتہ شام جب انہیں رہا کیا گیا تو جیل کے باہر جمعیت اہلحدیث اور اہلحدیث یوتھ فورس کے کارکنوں نے ان کا شاندار استقبال کیا۔ نوجوانوں نے حافظ عبدالحمید عامر کو کندھوں پر اٹھا لیا اور جمعیت اہلحدیث اور مسلم لیگ کے حق میں نعرہ بازی کی انہیں جلوس کی شکل میں چوک اہلحدیث لایا گیا۔

THE DAILY JANG RAWALPINDI

20 ستمبر کو گرفتار کئے گئے جمعیت اہلحدیث کے دونوں رہنما رہا کر دیئے گئے

جہلم (ڈسٹرکٹ رپورٹر) 20 ستمبر کی ہڑتال والے دن جلوس نکالنے کے الزام میں جمعیت اہلحدیث کے رہنما اور مدیر جامعہ علوم اثریہ حافظ عبدالحمید عامر اور زاہد افضل کو دیگر مسلم لیگی کارکنوں کے ہمراہ گرفتار کر لیا گیا تھا۔ گزشتہ شام جب انہیں رہا کیا گیا تو جیل کے باہر جمعیت اہلحدیث اور اہلحدیث یوتھ فورس کے کارکنوں نے ان کا شاندار استقبال کیا۔ نوجوانوں نے حافظ عبدالحمید عامر کو کندھوں پر اٹھا لیا اور جمعیت اہلحدیث اور مسلم لیگ کے حق میں نعرہ بازی کی۔ انہیں جلوس کی شکل چوک اہلحدیث لایا گیا۔